## سوال

(97) حائضہ کےلیے مسجد میں داخل ہونے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا حائضہ کےلیے مسجد میں داخل ہونا جائز ہے؟اگر جائز ہے تو اس کی کیا دلیل ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حائضہ کےلیے مسجد میں داخل ہونا جائز نہیں،البتہ بوقت ضرورت مسجد سے گزرنا جائز ہے جیسا کہ جنبی کا حکم ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

يـٰأَيُّهَا الَّذينَ ءامَنوا لا تَقرَبُوا الصَّلوٰةَ وَأَنتُم سُكـٰرىٰ حَتّىٰ تَعلَموا ما تَقولونَ وَلا جُنُبًا إِلّا عابِرى سَبيلٍ حَتّىٰ تَغتَسِلوا ... ﴿٤٣﴾ ... سورة النساء

"اے وہ لوگو جوایمان لائے ہو!نماز کے قریب نہ جاؤ اس حال میں کہ تم نشے میں ہو یہاں تک کہ تم جانو جو کچھ کہتے ہو اور نہ اس حال میں کہ جنبی ہو مگر راستہ عبور کرنے والے یہاں تک کہ تم غسل کرلو۔" (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کےلیے صرف

**صفحہ نمبر 134**

محدث فتویٰ